احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

ہفتہ 24 مئی 2008ء

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 24 مئی 2008ء 18 جمادی الاول 1429 ہجری 24 ہجرت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 117

ہر جوڑ پر صدقہ واجب ہے

حضرت ابوذر غفاریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تم میں سے ہر ایک جب صبح کرتا ہے تو اس کے ہر جوڑ پر صدقہ واجب ہے پس ہر تسبیح صدقہ ہے، ہر تحمید صدقہ ہے، ہر تہلیل (لا الہ الا اللہ کہنا) صدقہ ہے ہر تکبیر صدقہ ہے۔ نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا بھی صدقہ ہے۔

(صحیح ملسم کتاب صلوٰۃ المسافرین باب استحباب صلوٰۃ الضحیٰ حدیث نمبر:1181)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ دھوکا جو انسان کو لگتا ہے کہ وہ خدا کو مانتا ہے باوجودیکہ عملی شہادت اس ایمان کے ساتھ نہیں ہوتی درحقیقت یہ بھی ایک قسم کی مرض ہے جو خطرناک ہے مرض دو قسم کی ہوتی ہے ایک مرض مختلف ہوتی ہے یہ وہ ہوتی ہے جس کا درد محسوس ہوتا ہے جیسے سر درد یا درد گردہ وغیرہ۔ دوسری قسم کی مرض مرض مستوی کہلاتی ہے اس مرض کا درد محسوس نہیں ہوتا اور اس لئے مریض ایک طرح اس کے علاج سے تساہل اور غفلت کرتا ہے جیسے برص کا داغ ہوتا ہے بظاہر کوئی درد یا دکھ محسوس نہیں ہوتا لیکن آخر کو یہ خطرناک نتائج پیدا کرتا ہے پس خدا پر ایسا ایمان جو عملی شہادتیں ساتھ نہیں رکھتا ہے ایک قسم کی مرض مستوی ہے۔ صرف رسم و عادت کے طور پر مانتا ہے یا یہ کہ باپ دادا سے سنا تھا کہ کوئی خدا ہے اس لئے مانتا ہے اپنی ذات پر محسوس کر کے کب اس نے اللہ کا اقرار کیا؟ یہ اقرار جس دن اس رنگ میں پیدا ہوتا ہے ساتھ ہی گناہوں کے میل کچیل کو جلا کر صاف کر دیتا ہے اور اس کے آثار ظاہر ہونے لگتے ہیں جب تک آثار ظاہر نہ ہوں، ماننا نہ ماننا برابر ہے اس کی وجہ یہی ہے کہ یقین نہیں ہوتا اور یقین کے بغیر ثمرات ظاہر نہیں ہو سکتے دیکھو جن خطرات کا انسان کو یقین ہوتا ہے ان کے نزدیک ہرگز نہیں جاتا مثلاً یہ خطرہ ہو کہ گھر کا شہتیر ٹوٹا ہوا ہے تو وہ کبھی بھی اس کے نیچے جانے اور رہنے کی دلیری نہ کرے گا یا یہ معلوم ہو کہ فلاں مقام پر سانپ رہتا ہے اور وہ رات کو پھرا بھی کرتا ہے تو کبھی یہ رات کو اٹھ کر وہاں نہ جائے گا کیونکہ اس کے نتائج کا قطعی اور یقینی علم رکھتا ہے پس اگر خدا کو مان کر ایک پیسہ کے سنکھیا جتنا بھی اثر اور یقین نہیں ہوتا تو سمجھ لو کہ کچھ بھی نہیں مانتا اور اصل یہ ہے کہ ساری خرابی کی جڑھ گیان کی کوتاہی ہے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 608)

اعزاز

۞ مکرمہ فرشتہ احمدی ایرانی صاحبہ اہلیہ مکرم ڈاکٹر مرتضیٰ احمد ملک صاحب فیصل ٹاؤن لاہور تحریر کرتی ہیں۔

ہماری بیٹی مکرمہ شبنم ملک صاحبہ Ph.D ریاضیات نے LUMS 2nd International Conference on Mathematics 2008 میں محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے اپنا مقالہ پڑھا اور اول اور کیش انعام کی حقدار قرار پائی۔ عزیزہ موصوفہ حضرت ماسٹر غلام محمد صاحب سیالکوٹی رفیق حضرت مسیح موعود کے خاندان اور محترم ماسٹر غلام حیدر صاحب سابق سپرنٹنڈنٹ و انگلش ٹیچر جامعہ احمدیہ قادیان و ربوہ و سابق ہیڈ ماسٹر تعلیم الاسلام ہائی سکول گھٹیالیاں ضلع سیالکوٹ کی پوتی ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ اعزاز ہر طرح سے اس کے لئے اور اس کے خاندان کیلئے مبارک کرے نیز دین و دنیا میں اعلیٰ کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

داخلہ دارالصناعۃ

ان دنوں دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ میں داخلے جاری ہیں۔

داخلہ فارم کے حصول و دیگر معلومات کیلئے دفتر دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ 6/1 فیکٹری ایریا ربوہ فون نمبر 047-6214578 پر رابطہ کریں۔

☆ بیرون ربوہ سے آنے والے طلباء کیلئے ہوسٹل کا انتظام موجود ہے۔

☆ تمام ٹریڈز میں داخلے جاری ہیں۔

☆ والدین سے گزارش ہے کہ اپنے بچوں کو ادارہ میں داخل کروائیں۔

☆ تمام طلباء جو ادارہ ہذا سے کورسز مکمل کر چکے ہیں ان کی اسناد آ چکی ہیں۔ لہٰذا ان سے درخواست ہے کہ اپنی اسناد ادارہ ہذا سے حاصل کر لیں۔

مارننگ سیشن

1۔ آٹو مکینک 2۔ ریفریجریشن اور ائرکنڈیشننگ 3۔ ووڈ ورک

ایوننگ سیشن

1۔ آٹو الیکٹریشن 2۔ جنرل الیکٹریشن 3۔ پلمبنگ

(نگران دارالصناعۃ)

سالانہ تقریب تقسیم انعامات مجلس علمی

(جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ)

طلباء جامعہ احمدیہ کی علمی اور ادبی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے اور ان میں مسابقت الی الخیرات کی روح پیدا کرنے کیلئے جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ میں علمی وادبی پروگرام ترتیب دیئے جاتے ہیں۔ مجلس علمی سال 2007، 2008ء کے پروگراموں کا آغاز مورخہ 12 ستمبر 2007ء کو حمدیہ مجلس کے بابرکت پروگرام سے ہوا۔ اس کے علاوہ دوران سال طلباء کے درمیان 13 انفرادی اور 6 اجتماعی علمی مقابلہ جات کا پروگرام بنایا گیا تھا۔ یہ تمام مقابلہ جات اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مورخہ 5 مئی 2008ء کو حسب پروگرام بخیروخوبی منعقد ہوکر اپنے اختتام کو پہنچے۔

دوران سال ہونے والے انفرادی مقابلہ جات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1۔ مقابلہ حسن قراءت 2۔ مقابلہ نظم خوانی 3۔ مجلس شعروسخن 4۔ فی البدیہہ تقریری مقابلہ بزبان عربی 5۔ فی البدیہہ تقریری مقابلہ بزبان اردو 6۔ فی البدیہہ تقریریری مقابلہ بزبان انگریزی 7۔ فی البدیہہ مضمون نویسی بزبان عربی 8۔ فی البدیہہ مضمون نویسی بزبان اردو 9۔ فی البدیہہ مضمون نویسی بزبان انگریزی 10۔ تقریری مقابلہ بزبان عربی 11۔ تقریری مقابلہ بزبان اردو۔ 12۔ تقریری مقابلہ بزبان انگریزی 13۔ مقابلہ حفظ ادعیہ۔

اجتماعی مقابلہ جات ادارہ کے بارہ ٹیوٹو ریل گروپس: احمدؐ، ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، نورؔ، محمودؔ، ناصرؔ، طاہرؔ، مسرورؔ، سعدؓ اور طلحہؓ کے درمیان ہوئے ان اجتماعی مقابلہ جات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1۔ مقابلہ بیت بازی 2۔ کسوٹی بزبان انگریزی 3۔ مقابلہ جغرافیائی وتاریخی معلومات 4۔ مقابلہ دینی معلومات 5۔ کوئز خطبات امام 6۔ کوئز مطالعہ کتب حضرت مسیح موعود یہ سال خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کا سال ہے۔ قدرت ثانیہ اپنا سو سالہ دور پورا کرتے ہوئے اگلی ترقیات وفتوحات کی طرف گامزن ہے۔ اس حوالے سے دوران سال مجلس علمی کے تمام پروگراموں میں خلافت کے موضوع کو فوقیت دی گئی سٹاف اور طلبہ کے زیر مطالعہ خلافت کے موضوع پر متعدد کتب ہیں۔ خلافت احمدیہ کے حوالے سے ایک خصوصی مقابلہ مقالہ نویسی کا انعقاد بھی کروایا گیا جس میں 70 طلبہ نے مقالہ جات تحریر کئے نیز ایک محفل مشاعرہ کا بھی انعقاد کروایا گیا جس میں پاکستان بھر سے معروف احمدی شعراء نے شرکت کی۔

مورخہ 8 مئی 2008ء کو مجلس علمی کی چھٹی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد ہوا۔ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی مہمان خصوصی تھے۔ صبح 8:30 بجے تلاوت ونظم کے بعد تین طلبہ عزیزم حافظ سفیر احمد (اولیٰ ب) نے عربی عزیزم حسیب احمد (اولیٰ الف) نے اردو اور عزیزم عبدالحفیظ (اولیٰ ج) نے انگریزی میں تقاریر کیں۔

بعدازاں مکرم عطاء الوحید باجوہ صاحب نگران مجلس علمینے دوران سال ہونے والے مقابلہ جات کی تفصیلی رپورٹ پیش کی۔

امسال مجلس علمی کے مقابلہ جات میں عزیزم حافظ سفیر احمد (ابوبکر گروپ) بہترین طالب علم قرار پائے اور گروپس کی پوزیشن اس طرح رہیں۔

اول: عمر گروپ (اولیٰ ج) نگران گروپ مکرم شکیل احمد ناصر صاحب (استاد انگریزی)

دوم: ابوبکر گروپ (اولیٰ ب) نگران مکرم حافظ محمد ظفراللہ صاحب (استاد انگریزی)

سوم: احمد گروپ (اولیٰ الف) نگران مکرم راجہ برہان احمد صاحب (صدر شعبہ انگریزی)

ایک خصوصی مقابلہ مقالہ نویسی کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جس کے لئے درج ذیل عناوین مقرر کئے گئے تھے۔

1۔ خلافت احمدیہ اور تمکنت دین 2۔ خلافت احمدیہ اور خوف کی حالت کا امن میں بدلنا۔ 3۔ مذاہب عالم اور خلافت اس مقابلہ کی پوزیشنز درج ذیل رہیں۔

اول: عزیزم ارسلان احمد قمر (اولیٰ د)

دوم: عزیزم عمر حنان (اولیٰ ہ)

سوم: عزیزم محمد فاتح ملک (اولیٰ ب)

چہارم: عزیزم رانا ودود احمد (اولیٰ ب)

پنجم: عزیزم حافظ مصور احمد (اولیٰ ہ)

رپورٹ کے بعد محترم مہمان خصوصی نے اعزاز پانے والے طلبہ میں انعامات تقسیم فرمائے اور طلبہ کو قیمتی نصائح سے نوازا۔ آپ نے طلبہ کو خصوصاً مطالعہ تاریخ احمدیت کی طرف متوجہ کرتے ہوئے فرمایا کہ رفقاء حضرت مسیح موعود اور دیگر بزرگان سلسلہ کی سیرت وسوانح کا علم بڑھائیں۔ اس حوالے سے آپ نے طلبہ کے لئے کتاب سلسلہ احمدیہ تجویز فرمائی۔ بعدہ محترم پرنسپل صاحب نے تمام مہمانان اور خصوصاً محترم مہمان خصوصی کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب کا اختتام اجتماعی دعا پر ہوا جو کہ محترم مہمان خصوصی نے کروائی۔ بعدازاں تمام مہمانان اور اساتذہ کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

عطیہ خون سے قیمتی جان کی حفاظت کریں

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم محمد اشرف طاہر صاحب شکور پارک ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بھتیجے مکرم مبشر احمد ناصر صاحب ابن مکرم محمد اسلم ناصر صاحب آسٹریلیا کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے مورخہ 29۔ اپریل 2008ء کو پہلا بیٹا عطا کیا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت ذیشان احمد ناصر نام عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم محمد اسحٰق انور صاحب واقف زندگی کی نسل سے اور مکرم محمد یوسف چٹھہ صاحب ملتان شہر کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ نومولود کو صحت وسلامتی و درازی عمر سے نوازے اور خادم احمدیت بنائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم رانا منظور احمد صاحب دارالنصر شرقی ربوہ انتہائی تشویشناک حالت میں نیشنل ہسپتال ڈیفنس لاہور منتقل کئے گئے تھے۔ احباب جماعت کی دعاؤں کے طفیل اب طبیعت میں بہتری کے آثار ظاہر ہونا شروع ہوگئے ہیں۔ احباب سے مکمل شفایابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم نصیر احمد طارق صاحب دارالعلوم غربی خلیل ربوہ کی نواسی عزیزہ خلعت گلے میں شدید انفیکشن کی وجہ سے فضل عمر ہسپتال میں زیرعلاج ہے۔ کامل شفایابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم نعیم اللہ باجوہ صاحب کارکن طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی چھوٹی ہمشیرہ مکرمہ امۃ السمیع صاحبہ اہلیہ مکرم سہیل اکرم صاحب مقیم جرمنی کا ایک آپریشن گزشتہ دنوں جرمنی کے ہسپتال میں ہوا ہے۔ آپریشن کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی پیچیدگی سے ان کی طبیعت بہت خراب ہوگئی اور اس وقت ہسپتال کے I.C.U میں داخل ہیں ان کی کامل شفایابی اور صحت وسلامتی کیلئے احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے۔

مکرم ناصر احمد صاحب سابق کارکن روزنامہ الفضل تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار بوجہ بلڈ پریشر اور جوڑوں کے درد بیمار ہے۔ طبیعت کافی خراب ہے احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

مکرم محمد ادریس چوہدری صاحب جارجیا امریکہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے نواسے عزیزم محمد عمران کو گاڑی کی ٹکر لگنے سے گھٹنوں، بازوؤں اور پیشانی پر شدید چوٹیں آئی ہیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے کہیں بھی فریکچر نہیں ہے۔ عزیزم موصوف چار دن ہسپتال میں داخل رہنے کے بعد اب گھر آ گیا ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ وعاجلہ سے نوازے۔

ملازمت کے مواقع

پاکستان کرکٹ بورڈ کو سینئر جنرل مینیجر درکار ہے۔ رابطہ کیلئے پاکستان کرکٹ بورڈ قذافی سٹیڈیم لاہور

ہنڈا کمپنی کو بجٹنگ اینڈ پلاننگ انٹرنل آڈٹ میں نوجوان درکار ہیں۔ رابطہ کیلئے 042-5871100

New Horizon کمپنی کو آئی ٹی مینیجر، لیگل آفیسر Resevoir Engineering، Salary & Benefits Manager اور Chief Resevoir Engineer درکار ہیں۔ رابطہ کیلئے Jobs@nhepl.com

جنرل ٹائر کو چیف ایگزیکٹو آفیسر درکار ہے رابطہ کیلئے mdoffice@gentipak.com

موبی لنک کو مینیجر انفارمیشن سیکیورٹی درکار ہے۔ رابطہ کیلئے http://jobs.mobilinkgsm.com

Trade Key کو مختلف ڈیپارٹمنٹ میں نوجوان درکار ہیں۔ رابطہ کیلئے http://jobs.tradekey.com

پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی کو جونیئر کمپیوٹر آپریٹر اور لیب اٹینڈینٹ کے علاوہ کیمیکل، الیکٹریکل مکینیکل اور الیکٹرونکس میں نوجوان درکار ہیں رابطہ کیلئے P.O.Box.2255 اسلام آباد۔

پاکستان نیوی میں پرمانینٹ کمیشن تھرو پی این کیڈٹ ٹرم 2008-B کے لئے نوجوان درکار ہیں۔ معلومات کیلئے www.paknavy.gov.pk

پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی اسلام آباد کو چند آسامیوں کیلئے نوجوان درکار ہیں رابطہ کیلئے ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن، پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی، پی او بکس نمبر 3255 اسلام آباد۔

نوٹ تمام اشتہارات کی تفصیل کیلئے مورخہ 18 مئی 2008ء کا اخبار ڈان ملاحظہ فرمائیں۔

(نظارت صنعت وتجارت)

دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

مکرم صفوان احمد ملک صاحب نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل آجکل اشتہارات کے حصول اور ترغیب کے لئے کراچی کے دورہ پر ہیں جملہ کاروباری حضرات اور عہدیداران جماعت سے بھرپور تعاون کی درخواست ہے۔ ان سے رابطہ کیلئے احمدیہ گیسٹ ہاؤس ڈیفنس کراچی یا اس فون نمبر پر رابطہ کریں۔ 0333-6714270

(مینیجر روزنامہ الفضل)

پبلشر وپرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا خلافت جوبلی پیس کانفرنس لندن سے خطاب

محبت، بھائی چارے اور دوسروں کے جذبات کا خیال رکھنے سے امن قائم ہوگا

میئرز، ممبران پارلیمنٹ، کونسلرز، ڈاکٹرز، نمائندگان پریس اور ماہرین اقتصادیات کی شمولیت

رپورٹ: مکرم بشیر احمد اختر صاحب جنرل سیکرٹری برطانیہ

29 مارچ 2008ء کو بیت الفتوح لندن میں جماعت احمدیہ یو۔کے نے خلافت جوبلی کے سلسلہ میں Peace Conference کا انعقاد کیا۔ جس میں ایک ہزار کے قریب احباب نے شرکت کی۔ مہمانوں کی تعداد 550 سے زائد تھی۔ ناصر ہال میں مستورات اور طاہر ہال میں مردوں کے بیٹھنے کا انتظام تھا۔

کانفرنس کی تیاریاں شروع سال سے ہی جاری تھیں اور کارکنان کی محنت اور لگن کی وجہ سے دونوں ہال نہایت ہی اچھے طریق سے سجے ہوئے تھے اور بیت الفتوح کی بلڈنگ روشنیوں سے جگمگا رہی تھی۔ مہمانان کرام پانچ بجے شام آنا شروع ہوئے اور یہ سلسلہ سات بجے تک جاری رہا۔ مہمانوں کی آمد پر ان کی خدمت میں Refreshment پیش کی گئی اور نمائش ہال ایریا میں لے جانے کے بعد بیت الفتوح کی سیر کروائی گئی۔ جن مہمانوں نے بیت الفتوح کو پہلی دفعہ دیکھا وہ کافی متاثر ہوئے۔ چھ بجے مہمانوں کو جماعت احمدیہ کے تعارف پر مشتمل فلم دکھائی گئی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ سات بجکر دس منٹ پر ہال میں تشریف لائے تو سب مہمانوں نے کھڑے ہوکر حضور انور کا استقبال کیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم حافظ فضل ربی صاحب نے کی اور اس کا ترجمہ مکرم زکریا چوہدری صاحب نے پیش کیا۔ جس کے بعد مکرم رفیق احمد حیات صاحب امیر جماعت یو۔کے نے احباب کو اھلاً و سھلاً و مرحبا کہتے ہوئے جماعت کا تعارف کروایا اور بتایا کہ حضرت مسیح موعود نے جس جماعت کی بنیاد 1889ء میں رکھی تھی وہ خلافت احمدیہ کی سرپرستی میں 190 ممالک میں پھیل چکی ہے۔ آپ نے جماعت احمدیہ کی روحانی تعلیمی اور جسمانی نشو ونما کے بارہ میں جاری پروگراموں کا بھی ذکر کیا۔

Siobhan McDounugh ممبر آف پارلیمنٹ یو۔کے نے اپنی تقریر میں کہا کہ مجھے معلوم ہے کہ آپ کی جماعت نہ صرف برطانیہ میں بلکہ تمام دنیا میں خیراتی امور میں نمایاں خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ خصوصاً افریقہ، بھارت، بوسنیا اور انڈونیشیا میں کام قابل ذکر ہیں۔ وقت کی قربانی اور دیگر خدمات کے نتیجے میں آپ نے مخالفت کے باوجود دنیا میں واحد منفرد مقام حاصل کیا ہے۔ مجھے ایک سکول ٹیچر نے بتایا کہ کس طرح ہمارے سکول میں احمدی بچوں کے داخلے کے بعد ہمارا اسکول ایک اعلیٰ معیاری سکول شمار ہونے لگا اور کس طرح ان بچوں نے ہزاروں پونڈ جمع کر کے مختلف آرگنائزیشنز کو اپنی جماعت کی طرف سے عطا یا دیئے۔

آخر میں انہوں نے کہا کہ آپ کی جماعت باوجود مخالفانہ تنقید اور تشدد کے اپنے اصولوں پر ثابت قدمی سے کھڑی ہے اور اب بھی قائم و دائم ہے۔ آپ نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ آپ حقیقتاً ایک پُرامن مضبوط اور مستحکم جماعت ہیں اور آپ نہایت استقلال اور جانفشانی سے اپنے پڑوسیوں کی خدمت اور اعانت میں رات دن مصروف اور کوشاں ہیں اور آپ نے صحیح معنوں میں دل جیت لئے ہیں اور اپنے نصب العین یعنی ”محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں“ پر عمل پیرا ہیں۔ آخر میں میں پھر آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ آپ نے مجھے اس تقریب میں خطاب کرنے کا موقع دیا۔

ممبر پارلیمنٹ یو۔کے Mr. Dominich Grieve جو کہ حزب اختلاف کے اٹارنی جنرل بھی ہیں نے کہا کہ آج خلافت احمدیہ کے سو سال مکمل ہونے پر جو فنکشن ہو رہا ہے اس میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے کرنا جماعت احمدیہ کی کامیابی ہے۔ آپ کی جماعت یو۔کے میں بسنے والے لوگوں کے لئے نیک خواہشات رکھتی ہے اور اس پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ہر خاص و عام کی زندگی میں خوشیاں بکھیر رہی ہے۔ جماعت احمدیہ اس لحاظ سے بھی قابل تعریف ہے کہ گاؤں میں جا کر نا صرف لوگوں سے ملتے ہیں بلکہ ان کو احمدیت کی خوبیاں بھی بتاتے ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا خطاب

حضور اقدس نے تمام حاضرین کو السلام علیکم کا تحفہ عطا کرنے کے بعد فرمایا کہ ہم آج ایک دوسرے کے خیالات جاننے اور سننے کے لئے جمع ہوئے ہیں۔ میں ذاتی طور پر مشکور ہوں کہ آپ نے دعوت نامہ کو قبول کرتے ہوئے اپنا قیمتی وقت پیش کیا۔ ہم سب اپنے جذبات محبت کے اظہار کے لئے جمع ہوئے ہیں تاکہ ہم ایک بھائی چارہ کی فضا قائم کریں۔ حضور اقدس نے فرمایا کہ آجکل کے دور میں بعض طاقتیں امن خراب کرنے کے درپے ہیں اور ایک دوسرے کے خلاف بغیر کسی وجہ کے نفرت پھیلا رہی ہیں۔ اس لئے آج کی محفل کے انعقاد کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے۔ دنیا میں کوئی مذہب ایسا نہیں جو نفرت سکھاتا ہو۔ ہر آدمی پسند کرتا ہے کہ پُرامن فضا میں سانس لے۔ ہر دل عمدہ عمل کے سامنے پسیج جاتا ہے۔ ہر نیک فطرت انسان کی خواہش ہے کہ دنیا میں امن قائم رہے۔ آپ میں یقیناً ایسے لوگ ہیں جو امن قائم کرنے کے لئے ہر دم کوشاں ہیں اور ہمارا آج کا اجتماع اسی مقصد کو پیش کر رہا ہے۔

پچھلے چند سالوں سے ہماری امن کانفرنس کا باقاعدگی سے انعقاد ہو رہا ہے۔ جس کا مقصد امن قائم کرنے کے سوا اور کچھ نہیں۔ چنانچہ اس مقصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں اپنے مذہب سے چند امور پیش کروں گا۔

1897ء میں بانی جماعت احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد قادیانی (مسیح موعود و مہدی معہود) نے برطانیہ کی حکمران ملکہ وکٹوریہ کی خدمت میں ایک تحفہ بصورت کتاب ان کی ڈائمنڈ جوبلی پر بھجوایا جس میں حضور نے تحریر فرمایا کہ میں تسلیم کرتا ہوں کہ بعض نادان لوگوں کا رویہ اور ان کی احمقانہ حرکات ایسی ہیں جیسی وحشی اور جاہل ظالم انسان میں ہوتی ہیں۔ جو انسانی خون کو بے دردی سے بہانے کو ثواب تصور کرتے ہیں جبکہ ایک منصف اور رحم دل حکمران کے خلاف عمل کرنا بھی ایسے لوگ ضروری سمجھتے ہیں۔ حالانکہ جو لوگ معصوم اور بے گناہ کو قتل کرتے ہیں وہ جابر تو ہیں مگر فاتح نہیں۔

حضور اقدس نے فرمایا کہ ڈنمارک کے اخبارات نے ازسرنو ”کارٹون“ کی اشاعت شروع کر دی ہے۔ کیا یہ عمل تعلقات محبت اور بھائی چارے کے بڑھانے کا موجب ہوسکتا ہے؟ اور کیا ہالینڈ کے ممبر پارلیمنٹ کی حرکت قابل مذمت نہیں کہ وہ قرآن پاک کے متعلق فلم بنا کر جذبات کو مجروح کر رہا ہے؟ کوئی احمدی کسی بھی نبی یا رسول کے بارے میں اس قسم کی حرکت برداشت نہیں کرسکتا۔ کیونکہ ہمارا تمام نبیوں پر ایمان ہے۔

یہ بات اظہر من الشّمس ہے کہ خدا کے رسول ﷺ نے آنے والی نسلوں کے لئے مثال قائم کر دی کہ وہ کتنے مہربان ہیں اور علم اور عالموں کی قدر کرنے والے ہیں۔ امن کے قیام کے لئے ضروری ہے کہ بنیادی بات کو پیش نظر رکھا جائے اور صاف اور صحیح تصور سامنے ہو نہ کہ منفی باتوں کو بنیاد بنایا جائے۔ جہاں تک مسٹر ویلڈرز کا تعلق ہے جماعت احمدیہ نے تمام امور واضح کر دیئے تھے۔

حضور انور نے قرآنی آیات کا حوالہ دے کر فرمایا کہ اصل مقصد تو اصلاح کرنا ہے۔ اگر معاف کرنے سے اصلاح ممکن ہے تو معاف کرو۔ لیکن اگر کوئی عادی مجرم ہو اور سوسائٹی کا امن برباد کرنے پر مصر ہو تو اس کو بغرض اصلاح سزا دو۔ ذاتی عناد، غصہ، انتقام اور اسی قسم کی تمام برائیاں سزا کا حصہ نہ بنیں کیونکہ یہ محرکات ہیں جو سوسائٹی کا امن برباد کرتی ہیں۔

حضور انور نے احمدیوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ لوگوں کے ساتھ دشمنی آپ کو راہ راست سے نہ ہٹائے اور راہ راست سے مراد ہر کام خدا تعالیٰ کے خوف اور محبت کے تحت کام کرنے کو کہتے ہیں۔ دشمنی میں اتنے نہ بڑھ جائیں کہ انصاف کو چھوڑ بیٹھیں۔ اللہ نے اپنے رسول اور پیغامبر دنیا میں بھیجے تا لوگ ابلیس سے بچیں اور اچھے کام کریں اور آپس میں پیار محبت سے رہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرض کر دیا ہے کہ غیظ و غضب کو انصاف کی راہ میں حائل نہ ہونے دیں۔

حضور نے فرمایا کہ ہمارا مطمح نظر محبت کو حاصل کرنا اور اس کو بڑھانا ہونا چاہئے۔ امن کے لئے ہمیں ایک دوسرے کے جذبات کی عزت اور دوسرں کے حقوق کی حفاظت کرنا ہوگی۔ نفرت پھیلانا آسان ہے مگر محبت کا بیج بونا بہت مشکل ہے۔ آپ نے فرمایا کہ دنیا بہت چھوٹی ہوگئی ہے اور ہمیں محبت اور رحمدلی سے بھرے پھل کے درخت نظر آنے چاہئیں نہ کہ نفرت۔

حضور انور نے فرمایا کہ قرآن نے امیر کی دولت میں فقیر اور مسکین کے لئے بھی حصہ رکھا ہے۔ امیر ممالک کا یہ کام ہے کہ وہ غریب ممالک کے عوام کو تعلیمی اور طبی سہولتیں مہیا کریں۔ افریقن ملکوں کے عوام کو اسلحہ دینے کی بجائے خوراک سے ان کی مدد کریں۔ امیر ممالک کی مدد کا 70 فیصد تو ان کی تنخواہوں پر خرچ ہو جاتا ہے اور تھوڑی سی مدد غریب تک پہنچتی ہے۔ پس غریب ممالک میں بدامنی کو دور کرنے کے لئے ان لوگوں کی حالت بہتر کرنے کی طرف توجہ کرنی ہوگی۔

حضور نے دوسری حکومتوں کے لگائے ہوئے افریقن ممالک میں Pumps کا ذکر کر کے فرمایا کہ وہ خراب ہو چکے ہیں اور ان کو ٹھیک کرنے والا کوئی نہیں۔ ہمارے Humanity First کے انجینئرز نے ان کو بہت ہی کم لاگت میں ٹھیک کر کے مقامی لوگوں کی خوشیوں کو دوبالا کیا۔

حضور اقدس نے فرمایا کہ آپ کے تعلقات کو مضبوط بنانے کا ذریعہ یہ ہے کہ دوسرے لوگوں کے جذبات کا خیال رکھیں اور کوئی ایسی بات نہ کہیں جو

دوسروں کے جذبات کوٹھیس لگائے۔

حضور اقدس نے فرمایا کہ ملک سے محبت کرنا ایمان کا حصہ ہے اور ہر احمدی کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے ملک سے محبت کرے۔ جہاں تک مذہب کا تعلق ہے وہ ذاتی معاملہ ہے اور اس میں کوئی مجبوری نہیں ہے۔ ایک احمدی کے لئے ملک سے وفا اور قانون کی پابندی اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ مذہبی تعلیم پر عمل کرنا۔ دین تو سچ بولنے، دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنے، چوری نہ کرنے، قتل نہ کرنے اور افسران کی اطاعت کرنے کی تعلیم دیتا ہے اور یہ باتیں اس ملک کے قانون کے عین مطابق ہیں۔

حضور نے برٹش حکومت، عوام اور یورپین گورنمنٹس کا شکریہ ادا کیا کہ وہ عوامی حقوق کا خیال رکھتے ہیں۔ ہم احمدی ان ممالک کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ حضور اقدس نے فرمایا کہ یورپ اور برطانیہ نے مذہبی آزادی دے رکھی ہے۔ اسے کبھی بھی ختم نہیں کرنا چاہئے۔

آخر میں حضور اقدس نے فرمایا کہ حضرت مرزا غلام احمد قادیانی امن کے پیغام کو پھیلانے کے لئے آئے ہیں۔ آپ نے انسان کے اللہ کے لئے حقوق اور انسانوں کے لئے حقوق بیان فرمائے۔ یہ دنیا جنت بن سکتی ہے اگر انسان اس حقیقت کو جان لے۔ حضرت مسیح موعود کا یہ پیغام ساری دنیا میں پھیلایا جا رہا ہے اور اس میں کامیابی بھی ہو رہی ہے کیونکہ آپ کے بعد سچے جانشین آئے جو خلفاء کہلاتے ہیں۔ ہر احمدی خلافت کے ساتھ محبت اور لگاؤ رکھتا ہے۔ خلافت کے ساتھ یہ سچا لگاؤ ہی ہے کہ احمدی دنیا بھر میں دینی تعلیم کے ماڈل نظر آتے ہیں۔ احمدیہ جماعت کے بانی نے ہر احمدی کے اندر یہ جذبات بھر دیئے ہیں اور خلافت احمدیہ نے پچھلے سوسال سے یہ کام جاری رکھا ہوا ہے۔ خدا کرے کہ ساری دنیا ایک محبت اور پیار کا ماڈل بن جائے۔

آخر میں حضور انور نے سب مہمانوں کا دوبارہ شکریہ ادا کیا اور انہیں اس نیک کام میں ہاتھ بٹانے کو کہا تاکہ انسانیت کو دائمی زندگی حاصل ہو۔

مہمانوں کے تاثرات

عشائیہ کے بعد حضور انور نے مہمانوں سے قریباً ایک گھنٹہ ملاقات کی۔ مہمانوں نے حضور کے خطاب کو بہت سراہا۔ Mr. Greenwood نے کہا کہ حضور کی تقریر بہت جگانے والی تھی اور اس وقت کی ناخوشگوار دنیا میں محبت اور صلح کی ضرورت کا عظیم پیغام لئے ہوئے تھی۔ ایک مہمان نے حضور کی تقریر کو بہت دلچسپ اور Full of Wisdom کہا۔ Mrs Mandi نے کہا کہ حضور کی تقریر سے مجھے احساس ہوا کہ احمدیوں کو کارٹون کی اشاعت کی وجہ سے کتنی تکلیف ہوئی ہے۔ ایک مہمان نے کہا کہ کاش سارے لوگ احمدیوں جیسے ہو جائیں۔

☆......☆......☆

مکرم ریاض احمد ملک صاحب

مجلس انصاراللہ دوالمیال ضلع چکوال کا

دورہ کھیوڑہ اور بھیرہ

6 مارچ 2008ء مجلس انصاراللہ دوالمیال کے 36 انصار نے صدسالہ خلافت احمدیہ جوبلی کی تقریبات کے سلسلہ میں احمدیہ بیت النور بھیرہ کی سیر کی۔ سفر شروع کرنے سے پہلے احمدیہ دارالذکر دوالمیال میں مکرم حاجی عبدالعزیز صاحب امیر جماعت ہائے احمدیہ ضلع چکوال نے دعا کرائی۔ مکرم ملک مظفر احمد صاحب زعیم انصاراللہ مجلس دوالمیال نے صدسالہ خلافت احمدیہ جوبلی کی تقریبات کے سلسلہ میں بیت النور بھیرہ کی سیر کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اس کے بعد دو ویگنوں پر مشتمل قافلہ دعاؤں اور درود شریف کا ورد کرتے ہوئے روانہ ہوا۔

کان نمک کی سیر

ساڑھے نو بجے کے قریب یہ قافلہ کھیوڑہ پہنچا۔ وہاں انصار کو نمک کی کان کھیوڑہ کی سیر کرائی گئی۔ جس کی سکندراعظم کے زمانہ میں کھدائی شروع ہوئی۔ جو اس وقت 100 مربع میل میں پھیلی ہوئی ہے۔ چھوٹی سی ٹرین پر بٹھا کر گائیڈ نے تمام انصار کو کان میں موجود چاندنی چوک میں اتارا۔ وہاں پر مختلف رنگوں کے نمک کی اینٹوں کی بنی حسین بادشاہی مسجد، پھر مال روڈ سے ہوتے ہوئے نمک سے بنائی گئی شملہ پہاڑی کا نظارہ کیا۔ اس کے بعد نمک کے انگوری باغ، یادگار چوک، مختلف گہرائی کے تالاب، نمک کا کرسٹل ہاؤس، شیش محل، اسمبلی ہال جس کی اونچائی 235 فٹ ہے جس میں آواز بہت گونجتی ہے۔ اس میں مکرم حاجی محمد عارف صاحب نائب زعیم انصاراللہ دوالمیال نے درثمین کی نظم ”وہ پیشوا ہمارا جس سے ہے نور سارا“ سنائی اور اس ہال میں اس مقدس کلام کی گونج نہایت مسرور کن لگی۔

بھیرہ کی زیارت

12 بجے کے قریب کھیوڑہ سے یہ قافلہ حضرت حکیم مولوی نورالدین خلیفۃ المسیح الاول کے شہر بھیرہ کی سیر کو روانہ ہوا۔ ڈیڑھ بجے کے قریب یہ قافلہ بھیرہ شہر میں پہنچا۔ پہلا پڑاؤ محلّہ احمدیہ میں احمدیہ بیت الفضل میں تھا۔ وہاں مکرم حکیم اکبر صاحب زعیم انصاراللہ بھیرہ اور مکرم رفیع احمد صاحب سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے بیت الفضل کی سیر کروائی اور محلّہ احمدیہ کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ اس کے بعد یہ قافلہ بیت النور پہنچا۔ بیت النور حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے گھر میں قائم ہے اور اس بیت میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی جائے پیدائش اور بیت الدعا بھی ہے جس جگہ آپ تلاوت کلام پاک، مطالعہ کتب اور تصانیف کا کام کیا کرتے تھے۔ اس بیت الدعا میں انصار نے نوافل ادا کئے۔ اس میں جو کارپٹ بچھا ہوا تھا اس کے بارے میں بتایا گیا کہ مکرم میجر ملک حبیب اللہ خان صاحب پہلے امیر جماعت ہائے احمدیہ ضلع چکوال نے عطیہ دیا تھا۔

اس بیت کے سامنے وہ تاریخی تنور ہے جس میں سے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی روٹی پک کر آتی تھی۔ بیت النور میں تمام قافلہ نے نماز ظہر اور عصر ادا کی۔ مکرم پروفیسر ظفر اقبال صاحب صدر جماعت احمدیہ بھیرہ نے تاریخ بھیرہ پر روشنی ڈالی اور حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے مطب اور ان کی دوسری مصروفیات کے متعلق معلومات فراہم کیں۔

ہمارے اس قافلہ نے اس تاریخی تنور کی جگہ پر سالن تیار کیا۔ اس تنور پر ہمارے اصرار پر مکرم بشیر احمد صاحب جن کے خاندان کے بزرگ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی روٹیاں پکایا کرتے تھے۔ خود تمام انصار کو اس تاریخی تنور سے روٹیاں پکا کر کھلائیں اور ساتھ اسی خاندان کی لجنات اور ناصرات نے بھی ان کا ہاتھ بٹایا۔ تمام انصار نے کھانا بیت النور میں تناول کیا۔ مکرم نعیم اسلم صاحب صدر جماعت احمدیہ دوالمیال۔ مکرم اسحاق احمد صاحب سیکرٹری اصلاح و ارشاد، مکرم شاہد احمد صاحب منتظم سیر بھیرہ نے خود سالن پکایا اور تقسیم کیا۔

اس تاریخی شہر بھیرہ کو دیکھ کر ایمان تازہ ہوا اور اس سیر سے ایک روحانی تسکین ملی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی جائے پیدائش، بیت الدعا اور بیت النور کو دیکھ کر دل کی گہرائیوں سے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے لئے دعائیں نکلیں اور بھیرہ کی ان تمام سعید روحوں کے لئے دعائیں نکلیں جنہوں نے حضرت مسیح موعود کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے خود کو احمدیت کے حصار میں داخل کیا۔

واپسی پر احمدیہ بیت الحمد ہجکہ میں نماز مغرب اور عشاء ادا کرنے کے بعد یہ قافلہ روحانی برکات سمیٹتا ہوا دعاؤں اور درود شریف کا ورد کرتے ہوئے رات کو بخیر و عافیت دوالمیال پہنچا۔ اس قافلہ میں معمر ترین انصار مکرم حاجی عبدالعزیز صاحب اور ساتھ مکرم ملک شیر احمد ولد عبدالصمد صاحب شامل تھے جن کی عمر تقریباً 93 سال کے قریب ہے۔ ان کا ذوق دیدنی تھا۔ کیونکہ دوران پولیس ملازمت آپ کافی عرصہ بھیرہ میں متعین رہے اور بیت النور میں نمازیں ادا کرتے رہے۔ یہ صدسالہ خلافت جوبلی کی برکت تھی کہ دوالمیال میں پہلی دفعہ مجلس انصاراللہ نے روحانی تسکین پہنچانے والی سیر کا اہتمام کیا۔

مکرم مبارک طاہر صاحب

دعوت حق کے لئے دیار غیر

میں احمدی کی عظیم الشان قربانی

خدا تعالیٰ کے فضل سے ہم اس جماعت سے تعلق رکھتے ہیں جس کے سپرد ساری دنیا میں دین حق کا پیغام پہنچانے کا عظیم الشان کام ہے اور آغاز سے ہی اس کام کو سرانجام دینے کے لئے ہمارے واعظین، واقفین، ڈاکٹر صاحبان اساتذہ کرام اور دیگر خدمت گزار ہر طرح کی قربانی دیتے اور مشکلات و تکالیف کے باوجود میدان عمل میں آگے سے آگے بڑھتے چلے جا رہے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی عطاء اور اس کی توفیق سے ہی ممکن ہے۔

افریقہ جیسے براعظم میں جہاں رہائش، خوراک، صحت، تعلیم، بجلی، پانی، موسم کی سختی اور اپنے بہت پیاروں کی جدائی جیسی مشکلات ہیں وہاں بھی مرکز سے بھجوائے گئے واقفین ہر طرح کی قربانی کرتے ہوئے خدمت میں ہمہ تن مصروف ہیں۔

دوسری طرف ایسے لوگ جو راہ کی مشکلات برداشت نہیں کر سکتے وہ بمشکل وہاں قدم جما پاتے ہیں۔ اس کی ایک مثال اس خط سے ظاہر ہوتی ہے جو مکرم سردار رفیق احمد صاحب سابق پرنسپل احمدیہ سکول، سانوے، لائبیریا نے 31 مئی 1977ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی خدمت اقدس میں لکھا۔ خط کا متعلقہ حصہ احباب جماعت کے ازدیاد ایمان کے لئے درج ذیل ہے۔

مکرم سردار صاحب لکھتے ہیں:۔

”اس ماہ ایک غیر احمدی پاکستانی بھائی جو لائبیریا ملازمت کی غرض سے تشریف لائے تھے سانوے مولوی صاحب کے ساتھ تشریف لائے اور ہمارے کام کو دیکھ کر بہت متاثر ہوئے۔ یہ پاکستانی بھائی سانگلہ ہل کے رہنے والے ہیں اور چند ہفتے لائبیریا قیام کے بعد واپس پاکستان اس لئے چلے گئے کہ یہاں ان کو لسی، پکوڑے، گندلوں کا ساگ، چوسنے والے آم اور دیگر پاکستانی خوراک و آب و ہوا اور ماحول وغیرہ نہیں ملتے۔ جبکہ ہم پاکستان کی ہر چیز ہی بھول چکے ہیں سوائے اس کے کہ ایمان کی تازگی کے لئے خلیفۃ المسیح کا پیار اور دسمبر کا مہینہ یاد آتا ہے“۔

قارئین! غور فرمائیں ہم اور وہ کتنے مختلف ہیں۔ فرق صاف ظاہر ہے۔

اللہ تعالیٰ میدان عمل میں مصروف ہمارے تمام مخلصین کو ہر حال میں خدمت کی نمایاں اور یادگار سعادت عطا کرتا رہے اور انہیں ہر مشکل، ابتلاء اور امتحان سے محفوظ رکھے۔ آمین

خدا کرے کہ یہ مخلصین حضرت مصلح موعود کی اس دعا سے وافر حصہ پائیں۔

ہر گام پر فرشتوں کا لشکر ہو ساتھ ساتھ
ہر ملک میں تمہاری حفاظت خدا کرے

☆......☆......☆

مکرم رانا برہان احمد صاحب

حضرت مسیح موعود کا وطن ثانی۔ سیالکوٹ

سیالکوٹ کی سرزمین کو جماعت احمدیہ میں ایک بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ کیونکہ یہ ہمارے پیارے آقا حضرت مسیح موعود کا وطن ثانی ہے۔ اس کے علاوہ یہ حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کی جائے پیدائش بھی ہے۔ جنہیں جماعت احمدیہ سے ایک گہرا رشتہ ہے کیونکہ آپ وہ دوسرے عالم تھے جن کی وفات پر حضرت مسیح موعود نے عظیم الشان ادارے جامعہ احمدیہ کی بنیاد رکھی۔ لہٰذا یہ امر ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم سیالکوٹ کی تاریخ سے واقف ہوں۔

پاکستان کا یہ مشہور شہر صوبہ پنجاب گوجرانوالہ ڈویژن کا شہر ہے۔ ضلع سیالکوٹ کا رقبہ 2067 مربع میل ہے اور آبادی 30 لاکھ کے قریب ہے۔ اس کے شمال میں ضلع گجرات اور جموں کا علاقہ ہے۔ جنوب میں بھارت کا ضلع امرتسر، مشرق میں ضلع گورداسپور اور مغرب میں ضلع شیخوپورہ اور گوجرانوالہ ہیں۔ یہ ضلع تحصیل پسرور، تحصیل ڈسکہ اور تحصیل سیالکوٹ پر مشتمل ہے۔

سیالکوٹ ایک قدیم شہر ہے اسے پانڈو خان کے حکمران راجہ سل نے تعمیر کرایا تھا۔ جس کا ذکر مہابھارت میں بھی آیا ہے۔ اس کے نام کی نسبت سے ہی اس کا نام سیالکوٹ پڑ گیا۔ کچھ عرصہ بعد تباہ کن سیلاب کی وجہ سے یہ علاقہ ایک ہزار برس تک غیر آباد رہا۔ حتیٰ کہ راجا سمدت کے زمانے میں آبادی کے آثار دوبارہ ظاہر ہوئے۔ اس وقت سیالکوٹ کشمیر کا حصہ تھا۔ بعد میں یوجین کے بادشاہ بکرماجیت کے زمانے میں راجہ سلوان نے سیالکوٹ میں ایک قلعہ تعمیر کروایا تھا۔ راجہ سلوان کی وفات کے بعد پورن بھگت کا بیٹا راجہ رسالو تخت نشین ہوا۔ راجہ رسالو کی وفات کے بعد یہاں تین سو سال تک لوٹ مار کا بازار گرم رہا۔ 970ء میں راجہ نیروت نے زئی قبائل کی مدد سے سیالکوٹ شہر اور قلعے کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ اس کے بعد یہ علاقہ جموں کے راجہ براہم دیو کے زیرنگیں آ گیا۔ 1184ء میں شہاب الدین غوری نے اس پر حملہ کیا۔ 1520ء میں بابر نے جب سیالکوٹ کے راستے ہندوستان پر چڑھائی کی تو خسرو کوکلتاس کو سیالکوٹ کا گورنر مقرر کیا۔ شاہجہان کے دور میں یہ علاقہ علی مروان خان کے زیر انتظام رہا۔ 1748ء میں احمد شاہ درانی نے اس پر قبضہ کرلیا۔ پھر یہ سکھوں کی عملداری میں رہا۔ رنجیت سنگھ کے بعد انگریزوں کے قبضے میں چلا گیا اور 1947ء میں ان کے چنگل سے آزاد ہو گیا۔

آزادی کے بعد سیالکوٹ نے بہت ترقی کر لی ہے۔ اب یہ ایک بڑا صنعتی شہر بن چکا ہے۔ گھر گھر چھوٹے چھوٹے کارخانے کھل گئے ہیں۔ کھیلوں کے سامان، چمڑے کی مصنوعات، سٹین لیس سٹیل کے برتن، آلات جراحی بنانے کے بیشمار کارخانے ہیں۔ کھیلوں کے سامان اور آلات جراحی کی صنعت میں سیالکوٹ کا نام دنیا بھر میں مشہور ہے اور کروڑوں روپے کا زرمبادلہ حاصل کرتا ہے۔

شہر میں بابا گرونانک کا گردوارہ ''بابے دی بیری'' بھی ہے۔ جہاں ہر سال میلہ لگتا ہے اور بھارت سے بیشمار سکھ آتے ہیں۔ مشہور صوفی بزرگ حضرت علی الحق امام کا مزار بھی یہیں ہے۔

علمی و ادبی لحاظ سے یہ بڑا مردم خیز ثابت ہوا ہے۔ مغلیہ دور میں ملا کمال کشمیری اور ملا عبدالحکیم سیالکوٹی کے مکتبوں نے شہرت حاصل کی ہے۔

شمس العماء مولانا میر حسن اور ان کے شاگرد علامہ اقبال کو عالمگیر شہرت حاصل ہے۔ مولانا غلام حسن اور مولانا ابراہیم سیالکوٹی اسی شہر کے فرزند ہیں۔

دور جدید میں فیض احمد فیض ممتاز افسانہ نگار غلام الثقلین نقوی، اثم مرزا پروفیسر اصغر سودائی، جاوید اقبال (کارٹون ساز)، اسلم کمال، معیار ممتاز، حمید راؤ اور بختیار احمد (پاکستان ٹیلیویژن)، ظہیر عباس (کرکٹ)، منظور جونیئر (ہاکی) بھی سیالکوٹ کے سپوت ہیں۔ اس کے علاوہ سیالکوٹ میں واقع چونڈہ سیکٹر کو بھی تاریخ پاکستان میں انفرادیت حاصل ہے جب 1965ء میں بھارت نے اچانک پاکستان پر حملہ کردیا تو پاکستانی فوج نے بڑی بہادری سے دشمن کا مقابلہ کیا اور چونڈہ سیکٹر پر دشمن کو روکے رکھا۔ چنانچہ اسی یاد میں ہر سال 6 ستمبر کو یہاں پر میلہ لگتا ہے۔ جس میں شہداء کو خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے۔

سیالکوٹ میں شرح خواندگی دوسرے شہروں کے مقابلہ میں بہت زیادہ ہے۔ خصوصاً طالبات کی شرح خواندگی پنجاب کے تمام اضلاع سے زیادہ ہے۔ طلباء کے لئے گورنمنٹ مرے کالج، اسلامیہ کالج اور علامہ اقبال کالج اور طالبات کے لئے گورنمنٹ کالج برائے خواتین اور اپوا گرلز کالج خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

مساجد میں جامع مسجد میر، کبوتراں والی بیت اور جامع مسجد ملا کمال اپنے طرز تعمیر علمی افادیت اور دینی سرگرمیوں کی وجہ سے بہت مشہور ہیں۔

سیالکوٹ کے مشہور بازاروں میں بازار کلاں، بانساں والا بازار، علامہ اقبال چوک اور بانو بازار بہت مشہور ہیں۔

جماعتی پس منظر

اب مختصر طور پر سیالکوٹ کا جماعتی پس منظر پیش خدمت ہے۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا جاچکا ہے کہ یہ مقدس سرزمین وہ ہے جسے حضرت مسیح موعود نے اپنا وطن ثانی قرار دیا ہے۔ مختلف اوقات میں حضرت مسیح موعود سیالکوٹ رہے ہیں۔ دعویٰ سے قبل آپ 1864ء سے لے کر 1868ء تک سیالکوٹ میں ملازمت کرتے رہے۔ ملازمت کے دوران حضرت مسیح موعود اکثر لوگوں سے ملنا پسند نہیں کرتے تھے اور گوشہ نشینی کو پسند کرتے۔ آپ کا اکثر وقت تلاوت قرآن کریم اور مطالعہ میں گزرتا۔ چنانچہ منشی سراج الدین صاحب مرحوم جو مشہور مسلم لیڈر مولوی ظفر علی خاں ایڈیٹر زمیندار کے والد ہیں ان کی شہادت ہے کہ

''مرزا غلام احمد صاحب 1860ء یا 1861ء کے قریب ضلع سیالکوٹ میں محرر تھے......اور ہم چشم دید شہادت سے کہہ سکتے ہیں کہ جوانی میں نہایت صالح اور متقی بزرگ تھے۔ کاروبار ملازمت کے بعد ان کا تمام وقت مطالعہ دینیات میں صرف ہوتا۔ عوام سے کم ملتے''۔ (اخبار زمیندار مئی 1908ء)

1968ء میں حضرت مسیح موعود اپنے والد صاحب کے حکم سے ملازمت سے سبکدوش ہو کر واپس قادیان چلے گئے۔ اس کے بعد حضرت مسیح موعود 1877ء میں سیالکوٹ تشریف لائے اور لالہ بھیم سین صاحب کے مکان پر قیام فرمایا اور بتقریب دعوت حکیم میر حسام الدین صاحب کے مکان پر تشریف لائے۔

سرزمین سیالکوٹ کو اللہ تعالیٰ نے کچھ ایسا ممتاز بنایا ہے کہ اس میں خدا کے پاک سلسلہ کے حامی اخلاص اور محبت سے بھرے ہوئے دل رکھنے والے کثرت سے موجود ہیں۔ حضرت مسیح موعود دعویٰ کے بعد 27 ؍اکتوبر 1904ء کو اپنے اہل و عیال اور احباب کو لے کر بذریعہ ریل لاہور کی راہ سے سیالکوٹ تشریف لائے۔

جماعت سیالکوٹ نے اخلاص و وفا کا اعلیٰ نمونہ قائم کرتے ہوئے مہمان نوازی کے بہترین نمونے پیش کئے۔ اسی سفر کے دوران حضرت مسیح موعود نے لیکچر سیالکوٹ لکھا۔ اس کتاب میں آپ نے پہلی مرتبہ کرشن ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ حضرت مسیح موعود 3 نومبر 1904ء کو سیالکوٹ سے واپس قادیان تشریف لے گئے۔

حضرت مسیح موعود کے رفقاء میں سے حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی، حضرت میر حسام الدین صاحب قابل ذکر ہیں جو سیالکوٹ سے تعلق رکھتے تھے۔ آج کے دور میں حضرت سر ظفراللہ خاں صاحب کا نام جو دنیا بھر میں عزت سے لیا جاتا ہے ان کا تعلق بھی سیالکوٹ سے تھا۔

اس کے علاوہ سیالکوٹ کی مبارک سرزمین کو یہ خوش قسمتی بھی حاصل ہے کہ حضرت مسیح موعود کے خلفاء کے بابرکت قدم سیالکوٹ کی سرزمین پر پڑے ہیں۔ حضرت مولانا نورالدین صاحب خلیفۃ المسیح الاول حضرت مسیح موعود کے ساتھ سیالکوٹ تشریف لائے تھے۔

مقامات مقدسہ

سیالکوٹ کی بابرکت سرزمین میں جماعتی لحاظ سے بہت سے مقامات مقدسہ ہیں۔ ان میں قابل ذکر کبوتراں والی بیت الذکر ہے جہاں پر حضرت مسیح موعود کی سیڑھی جو آپ استعمال کرتے تھے وہ محفوظ ہے۔ اس کے بعد بیت مبارک جو حضرت میر حسام الدین کے نام سے موسوم ہے وہ بھی سیالکوٹ میں ہے۔ یہاں پر بھی حضرت مسیح موعود کے زمانہ کی بعض اشیاء خصوصاً میز ہے جسے حضرت مسیح موعود استعمال کرتے تھے۔ اس کے علاوہ اس بیت کی چھت کے صحن پر بتایا جاتا ہے کہ لیکچر سیالکوٹ کا اکثر حصہ لکھا گیا ہے۔ پھر وہ کمرہ ہے جہاں آپ قیام پذیر تھے۔ یہ وہ چیزیں ہیں جو خاکسار نے دیکھی ہیں۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سے مقامات دیکھنے کے لائق ہیں۔

آجکل ضلع سیالکوٹ کی جماعت کا شمار بڑی جماعتوں میں ہوتا ہے اور اس میں تقریباً 89 کے قریب دیہاتی مجالس ہیں۔

آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس مقدس سرزمین کو حقیقی معنوں میں مقدس بنادے۔

(بقیہ صفحہ 6)

وصیت کے مطابق دونوں آنکھوں کا عطیہ دے دیا گیا اور اللہ کے فضل سے وہ دو افراد کی زندگیوں میں اجالا کرنے کا باعث بنیں۔ اس وقت اللہ کے فضل سے آپ کی نیک اولاد۔ آپ کا نیک کردار۔ اور آپ کی آنکھیں صدقہ جاریہ ہیں اور آپ کے بلند درجات کے لئے معاون و مددگار ہیں۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حکیم صاحب کے بلند درجات کرے اور آپ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور آپ کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

کیمرے کی ایجاد

قدیم یونانی حکماء کا نظریہ تھا کہ انسان کی آنکھ سے شعاعیں (لیزر کی طرح) خارج ہوتی ہیں جن کے ذریعہ ہم اشیاء کو دیکھتے ہیں۔ دنیا کا پہلا شخص جس نے اس نظریہ کی تردید کی وہ دسویں صدی کا عظیم مصری ریاضی داں اور ماہر طبیعات ابن الہیثم تھا۔ اس نے ہی دنیا کا سب سے پہلا پن ہول کیمرہ ایجاد کیا۔ اس نے کہا کہ روشنی جس سوراخ سے تاریک کمرے کے اندر داخل ہوتی وہ جتنا چھوٹا ہوگا پکچر اتنی ہی عمدہ (شارپ) بنے گی۔ اس نے ہی دنیا کا سب سے پہلا کیمرہ آبسکیورہ (Camera Obscura) تیار کیا۔ کیمرے کا لفظ کمرے سے اخذ ہے جس کے معنی ہیں خالی یا تاریک کوٹھڑی۔

مکرم حوالدار عبدالخالق صاحب

محترم حکیم محمد یار صاحب آف جل بھٹیاں کا ذکر خیر

محترم حکیم محمد یار صاحب 1937ء میں ضلع جھنگ کے ایک دور دراز علاقے جل بھٹیاں میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مڈل تک حاصل کرنے کے بعد سلانوالی ضلع سرگودھا کے ایک مستند حکیم الحاج منظور احمد صاحب کے ہاں طب کی تعلیم حاصل کی۔ آپ کے استاد طبیہ کالج دہلی سے فارغ التحصیل تھے۔ علم طب حاصل کرنے کے بعد آپ حکیم صاحب کے نام سے مشہور ہوئے اور حکیم صاحب ہی آپ کی پہچان تھی۔ اکثر و بیشتر لوگ آپ کے نام سے ناواقف تھے۔ آپ نہایت ہی خوبصورت اور خوب سیرت اور بارعب شخصیت کے مالک تھے۔ جو بھی آپ سے ملاقات کرتا وہ متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکتا۔ آپ بچپن سے ہی پانچ وقت کے نمازی اور تہجد گزار تھے اور آپ نے کبھی بھی دعاؤں کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا جس کی برکت سے آپ بہت جلد مستند حکیم بن گئے۔ آپ اپنی دوائیں خود تیار کرتے تھے جن میں سفوف، شربت، معجون اور ہر قسم کے کشتہ جات شامل ہوتے تھے۔

علم طب حاصل کرنے کے فوراً بعد آپ سندھ چلے گئے سندھ کے ایک علاقے ٹنڈو باگو سے عملی زندگی کا آغاز کیا اور آپ کی شہرت جلد ہی علاقے میں پھیل گئی۔ ایک مرتبہ ایک وڈیرا سخت بخار کی حالت میں آپ کے پاس لایا گیا۔ اس وقت اسے بہت سخت بخار تھا۔ اس نے کہا حکیم صاحب مجھے لوگوں نے آپ کے بارے میں بتایا ہے کہ پنجاب سے ایک حکیم آئے ہیں لہٰذا آپ میرا علاج کریں اگر میرا بخار فوراً اتر گیا تو میں مان جاؤں گا کہ آپ واقعی قابل حکیم ہیں کیونکہ میرا کئی دنوں سے بخار نہیں اتر رہا حکیم صاحب نے اسے بخار کا ٹیکہ لگایا۔ جب ٹیکہ لگا چکے تو وہ فوراً گر گیا اور بے ہوشی کی حالت میں چلا گیا۔ اس وقت حکیم صاحب کو غلطی کا احساس ہوا کہ میں نے اسے خالی پیٹ ٹیکہ لگا دیا ہے۔ اس نے تو کئی دنوں سے کچھ کھایا پیا بھی نہیں۔ وڈیرے کے نوکر حکیم صاحب کو عجیب نظروں سے دیکھ رہے تھے۔ تب حکیم صاحب نے دل ہی دل میں دعاؤں کا سلسلہ جوڑا اور اللہ تعالیٰ سے التجا کی اے خدا تو ہی اسے شفا دے سکتا ہے میں عاجز بندہ کیا کر سکتا ہوں مجھ سے جو غلطی سرزد ہوئی ہے تو ہی اس پر پردہ ڈال سکتا ہے اور میری لاج رکھ سکتا ہے کیونکہ حکیم صاحب جانتے تھے کہ اس ٹیکے کی دوائی بہت سخت تھی اور وہ کچھ بھی ری ایکشن کر سکتی تھی۔ لیکن خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ پانچ منٹ کے اندر اندر دیکھتے ہی دیکھتے وڈیرہ پسینے میں شرابور ہو گیا اور وہ اٹھ بیٹھا اور اس کا بخار مکمل طور پر اتر گیا۔ اس نے ہوش میں آتے ہی کہا واہ حکیم صاحب واہ مان گئے آپ واقعی بہت بڑے حکیم ہیں۔ آج سے آپ میرے خاندانی حکیم ہیں میرے علاقے میں اور میری زمینوں پر جو کام کرنے والے مزارع ہیں۔ آپ ان سب کا علاج کریں گے اور پیسے میں ادا کروں گا۔ اس نے اپنی جیب سے 100 روپیہ نکالا اور حکیم صاحب کو دے کر چلا گیا۔ دوسرے دن نذرانے کے طور پر ایک بھینس دودھ دینے والی۔ ایک بوری آٹا۔ ایک بوری چاول اور گھی ریڑھے پر لاد کر نوکر آپ کے پاس حاضر ہوا اور کہا کہ حکیم صاحب اسے وڈیرے کی طرف سے قبول کر لیں تھوڑے ہی عرصہ میں حکیم صاحب سندھیوں میں مقبولیت حاصل کرتے چلے گئے۔

ایک دفعہ ایک سندھی آپ کے پاس آیا اور کہا حکیم صاحب میرے فلاں آدمی نے دو بیل چوری کروا لیے ہیں آپ ہی مجھ غریب کو وہ واپس دلا سکتے ہیں کیونکہ آپ کی سب لوگ عزت کرتے ہیں۔ اس غریب کی درخواست پر آپ اٹھ کر ساتھ چلے گئے اور وہ بیل اس کو واپس دلا دئے۔ وہ دعائیں دیتا ہوا خوش باش واپس گھر چلا گیا۔ سندھی حکیم صاحب کو مسیحا مانتے تھے۔

